18/04/2025

09.25 AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ اعجازہ اختر سے خبریں سُنئے

سپریم کورٹ

سپریم کورٹ نے مرکزی سرکار کی یہ یقین دہانی درج کی ہے کہ وقف ترمیمی بل سے متعلق اگلی سماعت یعنی5مئی تک وقف ترمیمی ایکٹ2025کے تحت مرکزی وقف کونسل اور وقف بورڈوں میں اسی طرح کی کوئی تازہ تقرری عمل میں نہیں لائی جائے گی۔

عدالت عظمیٰ نے بل کو چلینج کرنے والی عرضیوں میں اٹھائے گئے سوالات کے بارے میں مرکز سے 7دنوں کے اندر اندر جواب طلب کیا ہے۔

CM

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے اس پیش رفت کو حوصلہ افزا قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ وقف بل کے معاملے پر سپریم کورٹ کا دروازہ کھٹکھٹا کر اُن کی جماعت نے ایک صحیح فیصلہ لیا۔

نامہ نگاروں سے بات کر تے ہوئے عمر عبداللہ نے اُمید ظاہر کی ہے کہ اس معاملے کی نسبت سے عدالت عظمیٰ کی طرف سے ایک ایسا فیصلہ آئے گا، جس سے مسلم طبقے کے سبھی خدشات دور ہوجائیں گے۔

LG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ سب کی صحت مندی اور تندرستی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ ڈوڈہ کشتواڑ میں منعقدہ ایک ہفتے کے ایک میگا سرجیکل کیمپ کا افتتاح کرنے کے موقعے پر منوج سنہا نے کہا کہ گزشتہ چند برسوں کے دوران حکومت نے یہ بات یقینی بنائی ہے کہ ہر ایک شخص کو معیاری طبی خدمات تک رسائی حاصل ہو ۔

انہوں نے کہا کہ طبی شعبے کے بنیادی ڈھانچے کو مزید مستحکم کرنے کےلئے بڑے پیمانے پر سرمایہ کا ری کی جارہی ہے۔

------

**چیف سیکریٹری**

**چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے زراعت محکمے کی طرف سے چلائی جانے والی مختلف مرکزی معاونت والی سکیموں کے سالانہ ایکشن پلان کی منظوری دی ہے۔ ان میں کرشو نتی یوجنا، پردھان منتری راشٹریہ کرشی وِکاس یوجنا وغیرہ شامل ہیں۔**

**اس سلسلے میں منعقدہ ایک میٹنگ میں چیف سیکریٹری نے اُمید ظاہر کی کہ ان سکیموں کی عمل آوری سے کسانوں کو کا فی فائدہ حاصل ہوگا۔**

**کلچر**

**آج ہیر ٹیج یعنی ثقافتی وراثت کا عالمی دن ہے۔ آج کے دن گوناگوں ثقافتی وراثت کی اہمیت بیان کرنے کے علاوہ اس انمول سرمائے کو تحفظ دینے کی ضرورت اُجاگر کی جا تی ہے۔**

**اس سلسلے میں محکمہ آرکائیوز ، آرکیالوجی اور میوزیموں کے ڈائریکٹر کلدیپ کرشن سدھا نے آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کر تے ہوئے کہا۔**

**-------**

**روز گار میلہ**

**ضلع روزگار اور کونسلنگ مرکز بارہمولہ نے فوج کی چنار کور کے اشتراک سے چنار یووا سینٹر بارہمولہ میں ایک بڑا روزگار میلہ منعقد ہوا ، جس میں روزگار کے متلاشی افراد کی ایک بڑی تعداد نے بڑھ چڑھ حصہ لیا۔**

**روزگار میلے میں28جانی مانی کمپنیوں کے نمائندے موجود تھے ، جنہوں نے خواہشمند اور اور فوج کے ڈیگر ڈویژن GOC اہل نوجوانوں کے سامنے اپنے مواقعے رکھے۔چنار کور کے نے بھی روزگار میلے کا معائنہ کیا۔GOC کے**

**ٹولپ گارڈن**

**موسم بہار کے چلتے ان دنوں وادی میں سیاحوں کی ایک بڑی تعداد موجود ہے۔ دیگر سیاحتی مقامات کے علاوہ سرینگر کے ٹولپ گارڈن میں سیاحوں کی خاصی گہما گہمی نظر آ رہی ہے۔**

**کل مزید26ہزار490 سیلانیوں نے باغ گل لالہ کی سیر کی۔ اس طرح سے اس سال اب تک مجموعی طور پر ٹولپ گارڈن جانے والے سیاحوں کی تعداد 7 لاکھ 48 ہزار 248 ہو گئی ہے۔**

**طبی کیمپ**

**بانڈی پورہ کے کلوسہ گاؤں میں مول موج فاؤنڈیشن ، امید فاؤنڈیشن اور بیت المال کلوسہ کی طرف سے معزز شہریوں کیلئے ایک مفت طبی کیمپ منعقد کیاگیا۔**

**اس دوران 105شہریوں کی طبی جانچ کی گئی۔**

**درجہ حرارت**

**سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 12 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت22ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔**

**اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔**

**خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔**

**ہمیں دیجئے اجازت، خدا حافظ**

**............................**

**...................**

**..........**